بسمِ اللہ الرحمٰن الرحیم

# ایوانِ تجارت وصنعت ملتان

## ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی جنرل باڈی کے سالانہ اِجلاس عام منعقدہ مورخہ **26-09-2025** کی روئیداد

ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی جنرل باڈی کا سالانہ اِجلاس عام آج مورخہ 26-09-2025 بروز ہفتہ بوقت 04:30 بجے سہ پہر زیرِ صدارت جناب میاں بختاور تنویر شیخ صاحب، صدر ایوان بمقام دفتر ایوان واقع شاہراہِ ایوان تجارت و صنعت ملتان میں منعقد ہوا اور درج ذیل کاروائی عمل میں لائی گئی۔ اراکین جن کے اسمائے گرامی رجسٹر حاضری میں درج ہیں نے اجلاس میں شمولیت کی:-

| نمبرشمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| 1. | آغاز اجلاس۔ | اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا۔ |
| 2. | توثیق کاروائی گذشتہ اجلاس عام جنرل باڈی ایوان مورخہ 28-09-2024 | گذشتہ اجلاس عام جنرل باڈی ایوان منعقدہ مورخہ 28-09-2024 کی کاروائی جوکہ ایوان کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی گئی تھی کی باتفاق رائے توثیق کی گئی۔ |
| 3. | آڈٹ شدہ گوشوارہ جات حساب کتاب بابت سال 2024-25 کی منظوری | سیکرٹری جنرل محمد شفیق صاحب نے جنرل باڈی کے اراکین کو بتایا کہ حساب کتاب ایوان کا آڈٹ شدہ گوشوارہ جات وآڈٹ رپورٹ بابت سال 2024-25 جس کی منظوری مجلس عاملہ کے اراکین نے کردی ہے اور اسے ایوان کی ویب سائٹ پر تمام اراکین کے ملاحظہ اور ڈاؤن لوڈ کیلئے اپ لوڈ کر دیا گیا ہے اور اس کی ایک کاپی ایوان کے نوٹس بورڈ پر بھی آویزاں کی جا چکی ہے اس کی منظوری دی جائے۔<br>جنرل باڈی ایوان نے متفقہ طور پر آڈٹ شدہ گوشوارہ بابت سال 2024-25 کی منظوری دی۔ |
| 4. | منظوری ترامیم میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن۔ | سیکرٹری جنرل محمد شفیق نے جنرل باڈی اراکین کو بتایا کہ DGTO کی طرف سے جاری کردہ سرکلر نمبر F.No.17(31)/Admn-2008 مورخہ 02 مئی 2025 اور سرکلر۔فائنل ریمائنڈر نمبر F.No.18(93)/2008-TO مورخہ 28 مئی 2025 کے مطابق ایوانِ تجارت وصنعت ملتان سمیت تمام چیمبرز آف کامرس کو ہدائیت جاری کی گئی ہے کہ وہ 30 ستمبر 2025 تک اپنے میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو ٹریڈ آرگنائزیشنز ایکٹ 2013، ٹریڈ آرگنائزیشنز رولز 2013، S.R.O. 525(I)/2016 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت باقاعدہ طور پر تیار کریں اور ان ترامیم کو مجلس عاملہ اور جنرل باڈی ممبران سے منظوری کے بعد ریگولیٹر ٹریڈ آرگنائزیشنز کے پاس حتمی منظوری کیلئے بھجوائیں۔ |

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| | | جس کے مطابق سیکرٹری جنرل نے لیگل ایڈوائزر سے مشاورت کے بعد مجوزہ ترامیم کو ترتیب دیا۔ مزید برآں ایوان کو یہ بھی بتایا کہ مجوزہ ترمیم شدہ میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی ایوان کی مجلسِ عاملہ نے اپنے اجلاس منعقدہ مورخہ 24-09-2025 کو متفقہ طور پر منظوری دے دی ہے، جس کے بعداب سیکرٹری جنرل نے جنرل باڈی اراکین کے سامنے مجوزہ ترامیم کو بلحاظ ترتیب پیش کیا، جس کی جنرل باڈی ایوان نے باالاتفاقِ رائے منظوری دی۔ |
| .5 | بابت سال 2025-26 کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اوران کی سالانہ آڈٹ فیس مقرر کرنے پر غور وخوض۔ | جنرل باڈی ایوان کے اراکین کو بتایا گیا کہ بابت سال 2025-26 کیلئے ایوان کا آڈیٹر مقرر کرنے کیلئے ایک ہی تحریری درخواست میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی طرف سے موصول ہوئی ہے لہٰذا اس کی منظوری دی جائے جس پر جنرل باڈی ایوان نے متفقہ طور پر شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو بابت سال 2025-26 کیلئے ایوان کا آڈیٹر مقرر کرنے کی منظوری دی۔ |
| .6 | بابت سال 2025-26 کیلئے لیگل ایڈوائزر کا تقرر۔ | جنرل باڈی ایوان کے اراکین کو بتایا گیا کہ گزشتہ 15 سال سے ملک غلام صابر، ایڈووکیٹ ہائی کورٹ ملتان چیمبر آف کامرس کے لیگل ایڈوائزر مقرر کئے جاتے رہے ہیں۔ جنرل باڈی اراکین سے درخواست ہے کہ بابت سال 2025-26 کیلئے بھی ملک غلام صابر، ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کو ایوان کا لیگل ایڈوائزر مقرر کرنے کی منظوری دی جائے، جس پر جنرل باڈی ایوان نے متفقہ طور پر منظوری دی۔ |

اب کیونکہ اور کوئی معاملہ برائے غور نہیں تھا لہٰذا سالانہ اجلاس عام کی کاروائی صاحب صدر کے شکریہ کے ساتھ اختتام پزیر ہوئی۔

مورخہ 26 ستمبر 2025ء

صدر